23دسمبر2022ء

## ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے سالانہ رپورٹ مالی سال22ءجاری کردی

بینک دولت پاکستان کے ذیلی ادارے ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (DPC) نے آج اپنی دوسری سالانہ رپورٹ جاری کردی جو اس کی مالی سال22ء کی سرگرمیوں کا احاطہ کرتی ہے۔ رپورٹ کے اجرا کا مقصد شعبہ بینکاری میں ڈپازٹس کے واضح لیکن محدود تحفظ اور مالی استحکام میں ڈی پی سی کے کردار کے بارے میں عوامی آگہی بڑھانا اور اس کی مالی کیفیت کا انکشاف کرنا ہے۔ ڈی پی سی کی تحفظ اسکیم کے تحت آنے والے ڈپازٹرز کی تعداد 98 فیصد سے زائد ہے اور ان میں سے تقریباً95 فیصد اب مکمل طور پر محفوظ ہیں۔

رپورٹ میں کارپوریشن کی کامیابیاں اجاگر کی گئی ہیں اور اہم پہلوؤں جیسے مجموعی اور اہل ڈپازٹس، کوریج کی شرح، وصول کردہ پریمیم اور ڈپازٹس کی نمو وغیرہ پر اعدادوشمار فراہم کیے گئے ہیں۔ رپورٹ کا ایک حصہ بطور خاص عوامی آگہی اور کارپوریٹ ابلاغ کے لیے مختص کیا گیا ہے جس میں عوامی آگہی کے لیے کارپوریشن کی کاوشوں کی عکاسی کی گئی ہے۔

یہاں یہ ذکر بے محل نہ ہوگا کہ ڈی پی سی نے 2018ء میں اسٹیٹ بینک کے ذیلی ادارے کی حیثیت سے اپنے کام کا آغاز کیا۔ ڈی پی سی کو ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن ایکٹ 2016ء کی رو سے کسی بینک کی ناکامی کی صورت میں ڈپازٹرز کے نقصان کی تلافی کرنے کا مینڈیٹ دیا گیا ہے۔ پاکستان کے تمام شیڈولڈ بینک ڈی پی سی کی ڈپازٹ پروٹیکشن اسکیم کے رکن بینک ہیں۔ ڈی پی سی رکن بینکوں کے ملکی آپریشنز کے لیے500,000 روپے فی ڈپازٹر فی بینک تک کوریج فراہم کرتی ہے۔

یہ رپورٹ ڈی پی سی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے:

https://www.dpc.org.pk/Publications/AnnualReports/AR-2021-22.pdf

****